۶۸۶

حیاتِ اعلیحضرت

۱۹۳۸ء

مَظہرُ المنَاقِب

جلد اوّل

از

ملک العلماء مولانا ظفر الدین صاحب رضوی

باہتمام

مفتی محمد ظفر علی مہتمم دار العلوم امجدیہ

و

مکتبۂ رضویہ فیروز شاہ اسٹریٹ

آرام باغ کراچی

ختم ہوا اور سلام پھیرا تو خیال آیا کہ وہ بہشتی کا لڑکا از روئے فقہ صحیح کہتا تھا۔ دیدار علی تمسے تو اعلیحضرت کے یہاں کے خدمتگاروں کے بچے بھی زیادہ علم رکھتے ہیں یہ سب اعلیحضرت کے اتباع شریعت کا فیض ہے یہ خیال آکر بہت شرم آئی اور پھر ادب و عقیدت سے اعلیحضرت سے ملے۔ اور پھر حضور اعلیحضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خلافت و اجازت حاصل کی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

احتیاط فی الدین

جناب سید ایوب علی صاحب کا بیان ہے کہ نقشہ ماہ مبارک ۱۳۳۵ھ کے اوقات صلوات خمسہ فقیر استخراج کرتا ہے اور تکمیل کے بعد بغرض ملاحظہ کاشانہ اقدس میں بوقت صبح حاضر کرتا ہے جو ۱۰-۱۵ منٹ میں واپس آجاتا ہے دیکھتا ہوں کہ ہر نماز کے کالم میں صحیح رقوم ہے بجز ایک کالم کے کہ اوس کے آخر میں لفظ (خیر) تحریر فرمایا تھا اور جس تاریخ کے وقت میں خامی تھی اس پر نشان (×) بنا دیا تھا۔ چنانچہ جانچ کرنے سے وہ نقص دور ہو گیا جو سکنڈ کے ہزارویں حصہ میں تھا اگرچہ وقت پر اس کا اثر نہ آتا تھا مگر غلطی تو تھی اسی لئے بجائے صحیح کے لفظ خیر ارقام فرمایا گیا اللہ اللہ یہ ہیں وہ پاک و متبرک و بے مثل تحا صادق القول نفوس قدسیہ جن کی تحریر منیر اور تقریر دلپذیر کا کوئی جملہ کوئی لفظ کوئی حرف نعوذ باللہ قابل گرفت نہیں۔

اونھیں کا بیان ہے کہ شعبان المعظم کا اخیر ہفتہ ہے نقشہ اوقات صلوات خمسہ ماہ مبارک کا طیار ہو چکا ہے۔ حضور بعد عصر اپنی جیبی گھڑی سے جس میں صحیح وقت تھا اوس سے ایک اور گھڑی میں کچھ منٹ کم یا بیش کر کے میرے اور برادرم قناعت علی کے حوالہ فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ شہر سے باہر بلند مقام پر پہنچکر غروب آفتاب مشاہدہ کرو اور یہ دیکھو کہ بوقت غروب اس گھڑی میں کیا وقت ہوتا ہے حسب الارشاد ہم دونوں روانہ ہوئے یہ منظر دیکھنے کے لیے ہمارے ساتھ نواب سعید احمد خانصاحب اور نواب وحید احمد خانصاحب قادری رضوی بھی تشریف لے گئے ہم لوگوں کے پاس ایک گھڑی صحیح وقت کی تار گھر سے ملی ہوئی اور تھی نیز اوس روز کا وقت غروب بھی معلوم تھا مختصر یہ کہ بوقت غروب ہم چاروں شخصوں کی آنکھیں شاہد ہیں کہ قرص آفتاب کا باریک کنارا جھلک دے